
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : آمنہ محمود خان

کلاس 5 کے لئے

# اتنا بڑا ہاتھی



# ٹیچر کے لئے نوٹ

- کہانی ''اتنا بڑا ہاتھی'' میں بچوں کو غیر محسوس طریقے سے یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ ہم اس کائنات (universe) کی وسعت کا اندازہ نہیں لگا سکتے۔ کائنات کی وسعت اور اس میں موجود وہ چیزیں جو انسان کی نظر میں بہت بڑی ہیں، اگر ایک دوسرے کے تناسب سے دیکھیں تو ان کی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ وہ چیزیں یا کارنامے جنہیں ہم درحقیقت بہت بڑا تصور کرتے ہیں وہ اس کائنات کے سامنے بہت معمولی اور بے حقیقت ہیں۔ یہ کہانی دو نظریات پر مبنی ہے۔ کہانی کے ایک حصے میں چیزوں کے تناسب کے حوالے سے بات کی گئی ہے جبکہ دوسرے حصے میں اتنی بڑی کائنات میں انسان کی حیثیت کے حوالے سے بات کی گئی ہے۔ اس کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کر کے پڑھائیں۔ صفحہ نمبر 1 سے لے کر 6 تک اور صفحہ نمبر 7 سے لے کر صفحہ نمبر 14 تک۔

## نوٹ

- کہانی کی پڑھائی کو دلچسپ بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ٹیچر انگریزی کتابوں سے بھی مدد لیں۔ اس طرح تصاویر دکھا کر کہانی کی پڑھائی کو مزید دلچسپ بنایا جاسکتا ہے۔

# سیشن 1

## تیاری

- آج کلاس میں جانے سے پہلے دنیا کے نقشے یا گلوب (globe)، پرانے اخبارات، گوند اور قینچی کا بندوبست کر لیں۔

## معلومات

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں زمین پر پایا جانے والا سب سے بڑا جانور اور سمندر میں پایا جانے والا سب سے بڑا جانور کون سا ہے؟ بچے اگر جواب نہ دے سکیں تو ٹیچر انہیں بتائیں۔ نیلی وھیل (blue whale) سمندر کا سب سے بڑا جانور ہے اور ہاتھی زمین پر پائے جانے والے جانوروں میں سب سے بڑا ہے۔ اب بچوں سے پوچھیں، کیا وھیل اور ہاتھی سے بھی بڑی کوئی چیز ہوسکتی ہے؟ اس موقع پر بچے جن چیزوں کے بھی نام بتائیں ٹیچر انہیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔

- بچوں سے کہیں آیئے کہانی اتنا بڑا ہاتھی پڑھ کر معلوم کرتے ہیں اور کون سی چیزیں ہیں جو ان کی بتائی ہوئی چیزوں سے بھی بڑی ہیں۔ اس کے بعد ٹیچر کہانی کا صفحہ 1 سے 6 تک تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں اور بچوں سے پوچھیں انہیں کہانی کیسی لگی؟ اب انفرادی طور پر بچے بتائیں کہ اب تک انہوں نے ہاتھی یا blue whale سے بڑی اور کون سی چیزیں دیکھی ہیں۔

10 منٹ

- ہاتھی کی لمبائی اور وزن کو بہتر طور پر سمجھانے کے لئے کلاس کی دیوار پر measuring tape سے نشان لگا کر ہاتھی کی اونچائی بتائیں کہ فرش سے چھت تک ہاتھی کی کیا اونچائی ہوسکتی ہے اور اس کے وزن کا اندازہ لگانے کے لئے بتائیں کہ ہاتھی کا وزن تقریباً سات کاروں کے برابر ہوسکتا ہے۔ صفحہ نمبر 1 سے 6 تک کی پڑھائی کے دوران درج ذیل الفاظ اور ان کے معنی اچھی طرح سمجھائیں۔ ان الفاظ کا جملوں میں زبانی استعمال بھی کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو اپنی کاپیوں میں لکھ لیں۔


کنکر۔ دائرہ۔ سمانا۔ کروڑ۔ بالکل۔ تقریباً۔ معلوم۔ گٹھری۔
بچے جب اس کام سے فارغ ہو جائیں تو ان سے درج ذیل دلچسپ سرگرمی (activity) کروائیں۔

## عملی مشق

25 منٹ

- بچوں کو اس بات کا اندازہ کروانے کے لئے کہ blue whale پر 6 سے زائد ہاتھی ایک کے پیچھے ایک کھڑے ہو سکتے ہیں آسان اور سادہ سی عملی مشق کروائی جا سکتی ہے۔ اس مشق کو کروانے کا طریقہ یہ ہو گا۔

کسی بھی "2 x "6 لمبے کاغذ کو زنجیر کی طرح چار تہہ کریں۔
کاغذ پر ہاتھی کی تصویر بنائیں۔
اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ دو ہاتھیوں کی دم اور سونڈ کا رخ ایک ہی طرف ہو۔
قینچی کی مدد سے تصویر کو کاٹیں۔
کاغذ کی تہہ کھولیں زنجیر تیار ہے۔ ان زنجیروں کو سوفٹ بورڈ پر لگائیں۔



اب ہاتھیوں کے تناسب سے بچوں سے کہیں کہ وہ وھیل بنائیں اور سوفٹ بورڈ پر ساری کلاس کے بنائے ہوئے ہاتھی اور وھیل لگائیں۔

## نوٹ

- مندرجہ بالا مشق کلاس میں کروانے سے پہلے ضروری ہے کہ ٹیچر پہلے یہ کام کر کے خود بھی دیکھ لیں۔ ٹیچرز گائیڈ میں دی گئی تصویر اس سلسلے میں آپ کی مدد کرے گی۔

(کہانی کا مجموعی تاثر حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ سیشن نمبر 1 اور 2 کی پڑھائی کے بعد کہانی کی کتابیں بچوں سے واپس لے لیں تاکہ کہانی میں دلچسپی آخر تک برقرار رہے۔)

## گھر کا کام

- کلاس میں لکھائے گئے الفاظ کے جملے بنا کر لائیں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- آج کلاس میں آنے کے بعد کل دیئے گئے گھر کے کام کے حوالے سے بات چیت کریں۔ چند بچوں سے کہیں کہ

وہ اپنے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد مزید چند بچوں سے کہانی کے صفحہ نمبر 1 سے لے کر 6 تک کی پڑھائی کروائیں۔

- ٹیچر بچوں کو بتائیں سورج ان ہزاروں لاکھوں ستاروں میں سے ایک ستارہ ہے جو آسمان پر چمکتے نظر آتے ہیں۔ اس موقع پر بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ اور ستاروں کی نسبت یہ ہم سے بہت قریب ہے اسی لئے بڑا نظر آتا ہے۔ اب بچوں کے ذہن میں اعداد و شمار کا طریقہ واضح کرنے کے لئے ان سے چند دلچسپ سوال کریں۔ سوالات حل کرنے کے لئے بچے اپنی کتاب سے مدد لیں۔

## سوال جواب

25 منٹ

- اگر ایک افریقی ہاتھی کا وزن 7 ٹن ہے اور ایسے دس افریقی ہاتھی نیلی وھیل پر کھڑے ہوں تو اس وھیل پر ہاتھیوں کا کتنا وزن ہوگا۔ (7 x 10 = 70)
- اگر ایک افریقی ہاتھی کی اونچائی 10 فٹ ہے تو ایسے دس افریقی ہاتھیوں کی مکمل اونچائی کیا ہو گی؟ (10 x 10 = 100)
- سورج کو بھرنے کے لئے دنیا کی کتنی گٹھریاں چاہئے ہوں گی؟ ہندسوں میں لکھیں۔ (1,000,000)
- دنیا کے گرد کتنی وھیل دائرہ بنا سکتی ہیں۔ اسے بھی ہندسوں میں لکھیں؟ (1,335,833)

10 منٹ

- اس کام کے مکمل ہو جانے کے بعد ٹیچر بورڈ پر سورج کی تصویر بنائیں اور بچوں سے کہیں کہ لفظ سورج سننے کے بعد ان کے ذہن میں کون کون سے الفاظ آتے ہیں۔ وہ سوچ کر بتائیں۔ اب ٹیچر ان الفاظ کو بورڈ پر لکھتی جائیں۔ ممکنہ فہرست یہ ہو سکتی ہے۔
  گرم۔ روشن۔ چمکدار۔ طلوع۔ غروب۔ حرارت۔ شعاعیں۔ زرد۔ پیلا۔ ستارہ۔

## گھر کا کام

- 6 سے 7 انچ کا دائرہ بنا کر سورج بنائیں اور لفظ سورج سے متعلقہ الفاظ اس میں لکھیں۔ رنگ بھی بھریں۔ کالے رنگ کا کاغذ یا کپڑا۔ گوند۔ برش اور افشاں اسکول لے کر آئیں۔

# سیشن 3

- آج بچے سورج سے متعلقہ جو الفاظ لکھ کر لائے ہیں انہیں سوفٹ بورڈ پر ان کے نام کے ساتھ لگا دیں۔

## معلومات

10 منٹ

- اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں یاد ہے کہ پچھلی کلاس میں ہم نے یہ بات کی تھی کہ سورج ایک ستارہ ہے اور یہ سب سے بڑا نہیں ہے۔ اگر سورج بھی سب سے بڑا نہیں ہے تو پھر اور کون سی چیز ہے جو سب سے بڑی ہے۔ بچوں سے کہیں کہ آئیے کتاب پڑھ کر معلوم کرتے ہیں کہ کیا چیز سب سے بڑی ہے۔ پھر کتاب کے صفحہ

نمبر 7 سے 13 تک کی پڑھائی تاثرات کے ساتھ کریں۔

اب پھر بچوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں بتائیں کہ سورج سے بڑے اور بہت سے ستارے ہیں۔ انٹیئر ز ایک بہت بڑا ستارہ ہے جس میں 5 کروڑ سورج سما سکتے ہیں۔ لیکن یہ بھی سب سے بڑا نہیں۔ انٹیئر ز سے بڑی ہماری کائنات ہے۔ جس میں ان گنت ستارے اور سیارے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ہمارا سورج ایک ستارہ ہے اور زمین سیارہ۔

بچوں کو بتائیں کہ رات میں آسمان پر جو لاتعداد چھوٹے بڑے ستارے بکھرے نظر آتے ہیں۔ ان کے جھرمٹ کو کہکشاں کہتے ہیں۔ ہماری کہکشاں ملکی وے (milkyway) ان کہکشاؤں میں سے ایک ہے۔ (کائنات میں ایسی بہت سی کہکشائیں ہیں) اس کا مطلب ہوا کہ کہکشاں انٹیئر ز سے بڑی ہے اور تمام کہکشاؤں، ستاروں اور دنیا میں موجود ہر چیز کو جمع کر لیں ان سب سے بہت بہت بڑی کائنات ہے۔

## مشکل الفاظ

10 منٹ

- کہانی کے مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور جملوں کی مدد سے انہیں سمجھائیں تاکہ بچے جب خود کہانی کی پڑھائی کریں تو انہیں آسانی سے سمجھ آسکے۔ ایسا کرنا اس لئے ضروری ہے تاکہ بچے جب کہانی کی پڑھائی کریں تو اس کے تسلسل میں رکاوٹ نہ ہو۔ کہانی کے ممکنہ مشکل الفاظ درج ذیل ہو سکتے ہیں۔

  دیو قامت (بہت ہی بڑا)۔
  بے اندازہ (جس کی بڑائی کا اندازہ لگانا ممکن نہ ہو)۔
  سما سکتے ہیں (آ سکتے ہیں)۔
  لاتعداد (گنتی میں بہت زیادہ)۔
  ان گنت (اتنے زیادہ کہ گننا آسان نہ ہو)۔
  دور بین (ایک ایسا آلہ جس سے دور کی چیز قریب نظر آتی ہے)۔
  طاقتور (مضبوط، زیادہ طاقت والا)۔
  بے تحاشہ (بہت زیادہ)۔

## مشاہدہ

15 منٹ

- کہانی کی پڑھائی اور کہانی سے متعلقہ معلومات بچوں کو بتانے کے بعد ٹیچر کلاس کے چند بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔ بچوں کے ساتھ مل کر کہانی میں شروع سے لے کر آخر تک چیزیں جس تناسب کے ساتھ پڑھی ہیں ان کی فہرست بنائیں۔ جسے بچے کوپیوں میں لکھیں۔

  ہاتھی۔ وہیل۔ دنیا۔ سورج۔ انٹیئر ز۔ کہکشاں۔ کائنات۔

10 منٹ

- بچے گھر سے کالے رنگ کا کاغذ گوند اور افشاں لے کر آئے ہوں گے۔ کالے کاغذ پر برش سے گوند پھیلائیں۔ اوپر

سے افشاں (glitter) چھڑک دیں۔ اس طرح ایک کہکشاں بن جائے گی۔ ٹیچر سب بچوں کی کہکشاں بورڈ پر لگائیں۔

## گھر کا کام

- امی ابو کو کہانی پڑھ کر سنائیں اور ان سے پوچھیں کہ انہیں کہانی کا سب سے دلچسپ حصہ کون سا لگا اور کیوں؟ ان کی رائے چند جملوں میں لکھ کر لائیں۔ ان کی رائے پر ان کے دستخط بھی کر وائیں۔

# سیشن 4

## تیاری

- کلاس میں جانے سے پہلے ٹیچرز گائیڈ میں دی گئی معلومات کو چارٹ پیپر پر خوش خط لکھ لیں۔ سولر سسٹم (solar system) کا خاکہ بھی بنائیں۔


10 منٹ
- گھر کے کام کے حوالے سے بچوں سے بات کریں۔ بچوں سے ان کے جوابات سنیں۔ امی ابو کے دیئے ہوئے جواب بچے پڑھ کر سنائیں۔

15 منٹ
- کلاس کے کچھ بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہیں یاد ہے سورج کیا ہے؟ اب تک کی معلومات جاننے کے بعد بچے یقیناً جواب دیں گے کہ سورج ایک ستارہ ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ کہکشاں میں ستاروں کے علاوہ سیارے بھی ہوتے ہیں۔
ہمارے سورج کے گرد آٹھ سیارے گھومتے ہیں۔ ان میں سے ایک ہماری دنیا بھی ہے۔
سورج اور اس کے آٹھ سیاروں کو سولر سسٹم کہتے ہیں۔
انہیں بتائیں کہ ہر سیارہ سورج کے گرد ایک مخصوص راستے پر گھومتا ہے۔

20 منٹ
- یہ بات بہتر طور پر سمجھانے کے لئے بلیک بورڈ پر ٹیچرز گائیڈ میں دیا گیا ڈائیگرام بنائیں۔
بچوں کو تمام سیاروں کے نام بتائیں اور وہ ان ناموں اور معلومات کو کوپی میں لکھیں۔
(ٹیچر نوٹ کریں کہ ہم نے سیاروں کو ان کے سائز کے حساب سے چھوٹا بڑا بنایا ہے اور سورج سے ان کی دوری کو بھی واضح کیا ہے۔)

سیاروں کے نام

| | | | |
|---|---|---|---|
| مرکری | mercury | جوپیٹر | jupiter |
| وینس | venus | سیٹرن | saturn |
| زمین | earth | یورینس | uranus |
| مارس | mars | نیپٹون | neptune |




- درج ذیل معلومات بچوں کو زبانی فراہم کریں۔
ستاروں کے گرد سیارے گھومتے ہیں۔
ہر سیارہ ایک مخصوص راستے پر گھومتا ہے۔
سیاروں کے گرد چاند گھومتا ہے۔
ہماری دنیا کے گرد ایک چاند گھومتا ہے جو ہم رات کو دیکھتے ہیں۔
کہکشاں میں ستاروں۔ سیاروں اور چاند کے علاوہ چھوٹے سیارے (asteriod)۔ ٹوٹے ہوئے ستاروں کے ٹکڑے (meteor)۔ دم دار ستارے (comet) بھی ہوتے ہیں۔

## نوٹ

- مندرجہ بالا معلومات اور سولر سسٹم کی ڈرائنگ ٹیچر سوفٹ بورڈ پر بنائیں۔

## گھر کا کام

- کہانی اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔ کلاس میں ٹیسٹ ہوگا۔ کہانی میں سے پڑھائی کے دوران الفاظ کی ضد تلاش کر کے کوپی میں لکھیں۔ طاقتور (کمزور)۔ گرمی (سردی)۔ بڑا (چھوٹا)۔ آگے (پیچھے)۔ ناممکن (ممکن)۔

# سیشن 5

## ٹیسٹ

- آج کلاس کے چند بچوں سے کہانی کی پڑھائی کر وائیں۔ اس کے بعد بچوں کا ٹیسٹ لینے کی غرض سے درج ذیل 40 منٹ

سوالات بورڈ پر لکھیں جوابات بچے اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

## سوالات

(1) خشکی اور پانی کے سب سے بڑے جانور کا نام لکھیں؟
(2) سورج کے قریب ترین کون سا سیارہ ہے؟
(3) سب سے چھوٹے سیارے کا نام کیا ہے؟
(4) کسی بھی پانچ سیاروں کے نام لکھیں؟
(5) کہکشاں میں ستاروں اور سیاروں کے علاوہ کیا کیا چیزیں ہوتی ہیں ان میں سے کسی دو کے نام لکھیں؟

- سوالات کے جوابات لکھنے کے بعد درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیں۔
تقریباً۔ طاقتور۔ ناممکن۔ بے تحاشہ۔ فاصلہ۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں کو گھر کا کام لکھوانے سے پہلے ٹیچر کلاس کو حاضری کے رجسٹر کے مطابق دو گروپس میں تقسیم کرلیں۔ ایک گروپ سے کہیں کہ وہ دنیا میں پائے جانے والے بڑے جانوروں کی تصویریں جمع کر کے لائیں جبکہ دوسرے گروپ کے بچے چھوٹے جانوروں کی تصویریں جمع کر کے لائیں۔ بچے اپنے ساتھ رنگین کاغذ بھی لے کر آئیں۔

# سیشن 6

5 منٹ
- پہلے پانچ منٹ پڑھائی کر وائیں۔ آج ان بچوں سے پڑھوائیں جنہوں نے پہلے نہیں پڑھا تھا۔

## عملی کام

40 منٹ
- آج بچے بڑے اور چھوٹے جانوروں کی تصویریں جمع کر کے لائے ہوں گے۔ اس کی مدد سے سوفٹ بورڈ ترتیب دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان جانوروں میں سے کسی ایک کے بارے میں لکھیں۔ ان کی مدد کے لئے مندرجہ ذیل پوائنٹس دیئے جا رہے ہیں۔
یہ جانور کہاں رہتا ہے؟
دیکھنے میں کیسا ہے؟
کیا کھاتا ہے؟
اس جانور کی کوئی خاص بات؟

### نوٹ

- لکھائی کا کام کروانے سے پہلے ٹیچر مندرجہ بالا پوائنٹس کی مدد سے چند ایک جانوروں کی مثالیں دے کر اچھی طرح زبانی مشق کروائیں۔ اس کے بعد لکھائی کا کام بچے رنگین کاغذ پر کریں۔ اس کے بعد ٹیچر سوفٹ بورڈ پر چھوٹے سے بڑے جانوروں کی تصویریں ترتیب سے لگائیں اور ساتھ ہی بچوں کا لکھا ہوا کام بھی بورڈ پر لگادیں۔ چند جانوروں کے بارے میں بچوں نے جو لکھا ہے اسے کلاس میں پڑھ کر سنائیں۔

## گھر کا کام

- املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 7

### املا

- ٹیچر کچھ آسان اور کچھ مشکل الفاظ کا املا لیں۔ املا کے اختتام پر بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر بورڈ پر املا کے الفاظ لکھیں۔ بچے بورڈ سے دیکھ کر املا کی جانچ کریں اور ایک دوسرے کو نمبر دیں۔ اس دوران ٹیچر کلاس میں چکر لگائیں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ 25 منٹ

- کہانی کے اصل مفہوم کی وضاحت ایک مرتبہ پھر سے ضروری ہے۔ بچوں کو سمجھائیں کہ انسان اپنے کارناموں اور دولت پر غرور کرتا ہے۔ یہ بات بالکل ناجائز ہے۔ پہلے بچوں سے اس کی وجہ پوچھیں۔ جب وہ جواب دے چکیں تو آپ سمجھائیں کہ گو کہ ہر چیز کی اپنی ایک حیثیت ہے' مگر اس لامحدود کائنات کے سامنے یہ حیثیت ذرہ برابر بھی نہیں ہے۔ اس لئے اپنے اوپر غرور کرنا بالکل غلط ہے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ذرا اندازہ لگائیں کہ کائنات کس قدر بڑی ہے۔ اس کو بنانے والا کون ہے۔ پہلے بچوں سے سوال کریں پھر ان کو سمجھائیں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک چیونٹی جیسی چھوٹی چیز بھی بنائی ہے اور کائنات جیسی بڑی چیز بھی مگر وہ پھر بھی ہمیں پیار کرتا ہے۔ ماں باپ دیتا ہے تاکہ وہ ہمیں اچھی طرح پالیں۔ وہ کائنات سے بھی بڑا ہے اور اس کو اور ہمیں بنانے والا ہے۔ ہمیں اس کا شکر ادا کرنا چاہئے نہ کہ اپنے آپ پر غرور۔ ہو سکتا ہے کہ اسے ہمارا غرور پسند نہ آئے۔ 20 منٹ
بچے ان نعمتوں کے بارے میں لکھیں جو اللہ تعالیٰ نے انہیں دی ہیں اور جن نعمتوں کے لئے وہ دعا کرتے ہیں۔

## گھر کا کام

- گھر میں موجود چھوٹے سے بڑے جاندار کی فہرست بنا کر لائیں۔ چیونٹی سے شروع کر کے گھر میں موجود جو بھی جاندار سب سے بڑا ہو اس کی فہرست بنائی جائے گی۔ مثلاً (چیونٹی' مچھر' مکھی' کوکروچ' چھپکلی . . . چھوٹا بھائی' بڑی باجی' ابو' امی وغیرہ وغیرہ)۔

# اتنا بڑا ہاتھی

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
تیسرا ایڈیشن : مارچ 2007
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk